© rasailojaraid.com



## تعارف وتبصرہ

### ہندتو

اسرار عالم    ناشر: اسلامک فقہ اکیڈمی نئی دہلی سنہ اشاعت ۱۹۹۵ء

صفحات ۳۸ قیمت درج نہیں

یہ رسالہ اسلامک فقہ اکیڈمی دہلی کے لکچر سیریز کا ایک حصہ ہے۔ اس میں مصنف نے ہندتو کی وضاحت کے ساتھ اس کی تاریخ پر روشنی ڈالی ہے۔ گزشتہ دہائی میں ایک مخصوص فرقہ کی جانب سے یہ نعرہ بہت زور وشور سے بلند کیا گیا اور اس کے ذریعہ ایک مخصوص کلچر کے احیاء اور ایک مخصوص طبقہ کی بالادستی کی منظم منصوبہ بندی کی گئی۔ مصنف نے ثابت کیا ہے کہ یہ نعرہ کوئی نیا نہیں ہے بلکہ اس فکر وفلسفہ کی جڑیں قدیم تاریخ میں پیوست ہیں۔ اس کے حاملین کی ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ دوسروں کو بزور قوت یا دوسرے وسائل بروئے کار لاکر اپنے کلچر میں ضم کرلیں یا انتہائی ذلت کے ساتھ زندگی گزارنے پر مجبور کردیں۔ اس رسالہ کی خاص خوبی یہ ہے کہ مصنف نے اپنی بات کو ہندو مت کے اوریجنل مصادر کے ذریعہ مدلل کرنے کی کوشش کی ہے۔

کچھ عرصہ قبل سہ روزہ 'دعوت'، نئی دہلی کا ایک وقیع خصوصی نمبر ہندتو پر شائع ہوا تھا۔ یہ کتابچہ بھی اس لٹریچر میں ایک اچھا اضافہ ہے۔ (محمد رضی الاسلام ندوی)

### لا الٰہ الا اللہ عقیدۃ وشریعۃ ومنہاج حیاۃ

مولف: محمد قطب    ناشر: دار الوطن للنشر ریاض

زیر تبصرہ کتاب کے مصنف شیخ محمد قطب کا شمار دور حاضر کی ان معدودے چند شخصیات میں ہوتا ہے جنھوں نے عصر حاضر میں اٹھنے والی اسلامی تحریکات، خصوصاً مصر سے اٹھنے والی تحریکِ الاخوان المسلمون کو بہت قریب سے دیکھا اور برتا۔ آپ نے جب شعور سنبھالا شیخ حسن البنا شہیدؒ مسلمانوں کی تمناؤں کی آماجگاہ بن رہے تھے، امید ہو چلی تھی کہ مسلمان غلامی کا طوق گردن سے اتارنے میں اب کامیاب ہو جائیں گے اور اسلام اپنی بھرپور رعنائیوں کے ساتھ ایک بار پھر دنیا پر غالب ہو جائے گا۔ جن خیالوں نے حسن البنا شہید

© rasailojaraid.com